# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس بابر ستار کے خلاف سوشل میڈیا پر مخصوص عناصر کی جانب سے جھوٹ اور بدنیتی پر مبنی مہم کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے معزز جج جسٹس بابر ستار کے خلاف توہین آمیز مہم کا ذمہ دار حکومت کو قرار دے دیا۔ آئین و قانون کی حکمرانی کے تصور سے نابلد غیر جمہوری عناصر اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے سیاست کے بعد عدلیہ کی تباہی کے ایجنڈے کی تکمیل کیلئے سرگرم ہیں، قانون وانصاف کو مقدم رکھنے والے ججز کے خلاف لغو اور مضحکہ خیز الزامات پر مبنی ریفرنسز اور الزام تراشی پر مبنی مہم جیسے حربوں کا مقصد ججز کو ہراساں اور خوفزدہ کرنا ہے، سپریم کورٹ سے لیکر ہائیکورٹ تک ججز کی کھلی ہراسگی کے پیچھے وہی مرکزی کردار ہیں جن کی سیاسی تاریخ دھونس اور زبردستی کے ذریعے ججز سے اپنی مرضی کے فیصلے لینے سے بھری پڑی ہے، مرضی کے خلاف فیصلے دینے والے ججز کو اپنے گھٹیا پروپیگنڈے کا نشانہ بنانا سپریم کورٹ پر مسلح یلغار کرنے والے مافیا کا پرانا وطیرہ رہا ہے، تاریخ گواہ ہے کہ مجرموں کے اس ٹبر کے نشانے پر ہمیشہ وہ ججز رہے ہیں جنہوں نے آئین و قانون کو مقدم رکھتے ہوئے عدل وانصاف کے مطابق فیصلے لکھنے کی روایت کو زندہ رکھا ہے، مرضی کے ریفری کیساتھ میچ کھیلنے والے مافیا کو رفیق تارڑ اور جسٹس قیوم جیسے ججز ہی بھاتے ہیں جو ایک فون کال پر ان کی مرضی و منشا کے مطابق فیصلے سنانے کو تیار ہوں، تحریک انصاف اور عمران خان نے عدلیہ کی آزادی کیلئے قربانیاں دیتے ہوئے 2008 کے انتخابات کا نہ صرف بائیکاٹ کیا بلکہ قید بھی کاٹی، آئندہ بھی آئین و قانون کی حکمرانی اور عدلیہ کی آزادی کی بحالی کی تحریک میں اگر کوئی جماعت کردار ادا کرے گی تو وہ پاکستان تحریک انصاف ہی ہوگی، بے مثال جرات اور دانش مندی کا مظاہرہ کرنے والے ججز کو دباؤ میں لانے کیلئے اس قسم کے اوچھے ہتھکنڈوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، چیف جسٹس اعلیٰ عدلیہ کے ججز کو براہِ راست اور بالواسطہ ہراساں کرنے کے واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے اس منظم مہم کے ذمہ داران کا تعین کریں، پاکستانی قوم اور تحریک انصاف عدلیہ کی خود مختاری اور آئین و قانون کی بالادستی کیلئے دستور و قانون پر ثابت قدم رہنے والے ججز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ